اللّٰھم صل وسلم علی محمد وعلی آل محمد

الحمد للہ والمنۃ کہ اندنون نسخہ متبرکہ میلاد نبی صلعم مسمی بہ تاریخی

چراغ حسن

سنہ ۱۲۹۲ ہجری

من تصنیف منیف جناب نواب باقر علی خان صاحب تخلص شفقی

در مطبع گلزار محمدی لاہور مطبوع شد

بعونہ تعالیٰ

مولد شریف چراغ دین

درین ایام فرخندہ فرجام نسخہ متبرکہ میلاد شریف

من تصنیفات

عاشق رسول الثقلین نواب باقر علیخان صاحب متخلص بشفیع جنکی تصنیفات

کثیر ہیں ساکن محلہ پیر بخارا باہتمام احقر العباد محمد وزیر بعد اخذ تالیف

حسب فرمایش

جناب نواب امین الدین حیدر خان صاحب صاحبزادہ مصنف مسبوق الذکر

در مطبع نامی گلزار محمدی لکھنؤ طبع شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیجیے حمد خدا کو ابتدا · نعمتیں کی ہین عطا لا انتہا
شان و قدرت کو عجب جلوا دیا · پہلے اپنے نور کو پیدا کیا
ایک خالق اور اک مخلوق تھا · گرچہ عاشق تھا تو خود معشوق تھا
بزم خلوت مین نپایا دخل غیر · برسون ہی کی عالم وحدت کی سیر
بعد اوسکے گو بہت کثرت ہوئی · آشکارا حجت وحدت ہوئی
جس ثنا سے پاک سے کھل جاے راز · ہی سزاوار خدائے بے نیاز
کون یان اوسکے سوا معبود ہی · وہ ازل سے تا ابد موجود ہی
سارے اسباب جہان پیدا کئے · سب زمین و آسمان پیدا کئے
آفتاب و ماہ پیدا جب ہوئے · یک بیک سامان روز و شب ہوئے
گر زمین کو خاکسارون سے ہی زیب · آسمانون کو ستارون سے ہی زیب
روح تن کو نعمت کبرے ہوئی · تن سے جان کو راحت عظمی ہوئی
ہے برائی سالک راہ وصال · دولت جاوید قرب ذو الجلال
جسکو اس دنیا مین تیری لو نہین · کھینچ کیا اوس دل کو شمع بزم دین

اگرچہ بیان ہی کہ وجود و کہ عدم
لم یزل قیوم ہے حی القدیر

جز ترے کوئی نہیں خلاق ہے
دوست دشمن کا تو ہی رزاق ہے

گل کو گلشن قطرہ کو دریا کیا
جو کیا تو نے وہ سب اچھا کیا

انت تواب و غفار رحیم
ربنا اہدنا الصراط المستقیم

در نعت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

میرے خالق کا جو نور پاک ہے
بادشاہ کشور لولاک ہے

زیر پا جس کے ملک کا فرش ہے
نور رب کرسی نشین عرش ہے

سب سے افضل اور اکرم ہے وہی
باعث ایجاد عالم ہے وہی

فیض کیا کیا سرور عالم کے ہیں
حضرت آدم اونہیں کے دم سے ہیں

واہ کیا کیا رحمت معبود ہے
یہ محمد اور خدا محمود ہے

مصطفیٰ ہیں سرور والا جناب
رحمۃ للعالمین پایا خطاب

شاہد و داعی بشیر اور نذیر
کہہ بشیر نیک خو کا ہے نذیر

نون و یاسین اور مزمل خطاب
احمد و طٰہٰ شہ گردون جناب

نور و نعمت آیت رحمت رشید
شمس و نجم و رحمت رب مجید

کافی و حاشر او نہیں کہتے ہیں سب
فاتح و خاتم مقفّی ہے لقب

عاقب و ماحی مذکر اور سراج
ملت اسلام کو بخشا رواج

گروہ ہے خورشید دین گردون مقام
اوس کے بارہ برج ہیں بارہ امام

جز ادب ہدیہ نہ بیجا چاہیے
تحفۂ تسلیم بھیجا چاہیے

مقدمہ

سامعین کو پیام خامہ ہے
نور خالق کا ولادت نامہ ہے

جانیے راحت ہر اک تکلیف کو
سنیے دل سے باعث تصنیف کو

ایک دن اک یار صادق نے کہا
خاصۂ ذی شان خالق نے لکھا

مسند کونین سے خیر الامم
کیجیے حال ولادت کو رقم

یون نہ کھونا زندگانی چاہیے
بعد مردن کچھ نشانی چاہیے

ہم ناحق ہے معین ہوگا الاہ
چاہیے ہر مسافر زاد راہ

گو ہر اک تشویش سے فرصت نہ تھی
التماس ایک مثنوی منظور کی

اونکے گر اوصاف سے واقف نہو
اسم پاک اونکا تسلی سے سنو

عاشق خیر البشر احمد علی
میرزائی جوش سید احمد علی

جا بجا مشہور ہی اونکا خطاب
نہی مرزا کہتے ہین سب شیخ و شاب

عشق اہل بیت مین ناجی ہوئے
فضل رب سے زائر و حاجی ہوئے

اونکی جو تاکید پر تاکید تھے
ہر جو انکے واسطے تائید تھے

جو حدیثون کے موافق حال تھا
مختصر کرکے اوسے موزون کیا

جو روایت حسب مطلب مل گئی
ہر محل ہے اوس سے کیفیت بنی

لکھ کوئی بے جوہر ہے محتاج عرض
تھی نہ مضمون خیالی سے غرض

امر خط سے ہو بری راہ صواب
انکے وصف نور خالق ہو مثاب

گو سخن کی قدر کچھ باقی نہین
ہے مگر تحفہ برائے مومنین

اور کچھ نیت نہین غیر ثواب
تا ہو آسان مشکل روز حساب

الغرض موزون کئے اشعار چند
جو ہر ایک ہین در شہوار چند

گرچہ ظاہر مین ولادت نامہ ہے
پر حقیقت مین شفاعت نامہ ہے

بندش مضمون نہین گو خوب سے
نامہ اعمال مین محبوب ہے

کیون نہو ای شام سے صبح یقین
مثنوی ہی مطلع خورشید دین

روشن اپنا نام ہے اس نام سے
ہے امید اجر ذو الاکرام سے

گو یہ دل طالب نہین تعریف کا
ہان مگر خواہان ہے اس تکلیف کا

تاکے حظ باغ سخن کی سیر سے
شاد فرمائین دعا سے خیر سے

تا سرا کیہ آفات محشر سے بچے
ذاکر خیر البشر شر سے بچے

ملتجی ہون مین برائے مغفرت
چاہئے سب کو دعائے مغفرت

کسی جا پر ہوئی ہو کچھ خطا
ہے کریم النفس کو لازم عطا

ر روائی چاہیے ای پاک دین
سہو و نسیان سے بشر خالی نہین

ب بھی یہ مصنف کب ہی خوب
انک ذالاکرام ستار العیوب

ار ہے عزیز شرف گر ہو قبول
نذر ہین باغ سخن کے چند پھول

الطریق تمہید

منون پر فضل داور آج ہے
روز میلاد پیمبر آج ہے

ح ہو حال ولادت کو سنو
وصف سلطان رسالت کو سنو

اد و خوش ہو جشن کا سامان کرو
بزم رشک روضۂ رضوان کرو

عظیم مولود مین جو آئیگا
اجر مین خلد برین کو پائیگا

و اگر ذکر ولادت سنکے شاد
حشر کے دن خوش رکھی رب العباد

فل مولود تحریر یان کیجیے
گلشن فردوس کو وان لیجیے

ہون پہنو یان کی زمین مثل فلک
بہر استقبال حاضر ہین ملک

تا ہی اس جا جو کوئی نیک خو
سب فرشتے اوٹھتے ہین تعظیم کو

جاوینگے جب سامنے اللہ کے
آئیگی آواز اوسدن عرش سے

حاضرین محفل مولود آمین
ہین کشادہ سب در مقصود آمین

صاف اور آراستہ رستے ہوئے
داخل فردوس ہون ہنستے ہوئے

یاد آئی ایک عجب حال نقل
کہتے ہین یون صاحبان فہم و عقل

جب فروغ شمع دل افروز تہا
بولہب بھی شاد خوش و فیروز تہا

اس خبر کو لائی تہی وان جو ثویبت
ہو گئے خوش آزاد کی تہی وہ کنیز

جب قضا کی اوس نے باصد اضطراب
دیکہا اتب عباس نے یا ہین خواب

اوس سے پوچھا رہتا ہی تو کسطرح
کہ بزمین ہو یا بصد عیش و فرح

بولا بیحد ہون گرفتار عذاب
بت پرستی نے کیا کیسا خراب

عالم برزخ نہین محشر سے کم
قبر کیسی لہ ستے ہین دوزخ مین ہم

ہوتاہی جب روز میلاد رسول ۔ پاتا ہو آرام کچھ بو لہب ملول
ای مسلمانو مقام غور ہے ۔ جو کہ مشرک بانی بیداد جور ہے
اوسپہ مہر خالق اکرم ہوئی ۔ شاد ہونے سے اذیت کم ہوئی
تم تو سب ہو جان نثار مصطفےٰ ۔ قائل رب دوست دار انبیا
پاؤگے جنت مین اعلے مرتبہ ۔ اور سب سے بہتر ہوگا مرتبہ
امتین جو جو تہین باین سلف ۔ امت احمد سے اونسے فوق و شرف
دیکھو سیر گلشن عنبر سرشت ۔ راتدن مشتاق ہین اوسکو بہشت
پھر ذاکر مرحبا کا شور ہے ۔ ہر طرف صلے علی کا شور ہے

روایت از لیث بن سعد ی کوب

لیس کا ہے قول ای نیکو اساس ۔ مین گیا ابن ابی سفیان کے پاس
کعب احبار اوس جگہ موجود تھا ۔ استفادے کے لیے مینے کہا
ہی تمہاری بھی کتابون مین بیان ۔ کو سئے میلاد محمدؐ کا نشان
جو جو آثار ولادت یہان ہوئے ۔ اون کتابون مین بھی ہین اوسکے پتے
وہ جو توریت اور انجیل آئی ہی ۔ اوسمین انکی بھی فضیلت پائی ہے
دیکھا اوسنے ابن سفیان کی طرف ۔ تا نہ آزردہ کہین ہو ناشگفت
اتفاقاً وہ بھی بولا کر بیان ۔ تا ہو کچھ تیری زبانی بھی عیان
تو نے جو دیکھا ہو یا ہو جو سنا ۔ ای ابو اسحق وہ مجھکو سنا
بولا وہ افلاک سے آئے ہین جو ۔ وہ کتابین سب پڑھین ہفتاد و دو
جو صحف آئی برائے دانیال ۔ دیکھی ہین مین نے وہ سب بی قیل و قال
اون مین ہی مذکور میلاد نبی ۔ اور ذکر حال اولاد نبی
کس سے پوشیدہ ہے سب مین دھوم ہی ۔ نام اونکا جابجا مرقوم ہی
اور پہلو نکے سوا اسے نیک نام ۔ مثل حق کرتے تھے ایسے احترام
کم نہین تھے وا احمد کی شرف ۔ اونکے بہتون کے ہین شہرے ہر طرف

[illegible]

بہر مریم اور بہر آمنہ
بھیجے پردے گلشن فردوس کے
آمنہ جسدن ہوئی تھین حاملہ
آسمان سے دی منادی نے ندا
جو ہے عصمت اور جلالت کا صدف
فیض ابر رحمت معبود سے
ہے رسالت کا جو در بے بہا
حاملان عرش اور قدسی تمام
باغ عالم مین اشارت کا شجر
جب ولادت کی ہوئی شب آشکار
سب وہ ہین یاقوت و مروارید کے
کہتے ہین آپس مین سب غلمان و حور
جز خوشی غم نے نیا یار استہ
باغ جنت جب مزین ہو چکا
راتدن آباد ہو آبادرہ
جو نیمبر ہے ترے احباب کا
مثل گل خندان ہوا باغ بہشت
بس یون ہی سامان رہیگا تا بحشر
سب زمینین اور دریا خوش ہوے
ہر طرف آئے نظر آثار نیک
مثل حاکم وہ نکو انجام ہے
کہتے ہین اوسکے دنون مین سات لاکھ
ہو بزرگی کیا نہ اوس کی خاتمہ

جانب حق سے تھا کیا کیا مرتبہ
اور ملک آئے حفاظت کے لئے
نیکیون کا اپنی پایا تھا صلہ
مژدہ ہوا اے ساکن ارض و سما
جو ہے عفت اور شرافت کا صدف
ہے مشرف گوہر مقصود سے
اوس صدف مین اونسی پایا ہے قرار
اس بشارت سے ہوئے تھے شادکام
پہلے گل لایا ہوا پھر بار در
قصر جنت مین بنے ستر ہزار
ہو گئے حورون مین سامان عید کے
ہین ولادت کے قصور بے قصور
سب بہشتون کو کیا آراستہ
تب منادی نے یہہ دی اوسکو ندا
حکم رب سے شاد ہوا اور شاد رہ
آج پیدا باغ عالم مین ہوا
خوش تھے غلمان شاد حور خوش سرشت
ہر ملک خندان رہیگا تا بحشر
شہر و دہ اور باغ و صحرا خوش ہوے
ماہیان بحر سے مچھلی ہے ایک
ہے بڑی سب سے ہتوتا نام ہے
کیجیے گو وصف خوش اوقات لاکھ
قدرت رب سے ہی کیا کیا لازمہ

گائین اوس کی پشت پر ستر ہزار
ہی وہ ہر اک گاے دنیا سے بڑے
سینگ ہین ہر گاے کی ستر ہزار
گوخرابان گائے ہین ستر ہزار
یہہ بشارت جب تو سائے سنی
گر اوسے ساکن بکرتا ذو الجلال
سب کی سب ہوتی تہ و بالا زمین
تا ثریا اور تا تحت الثرا
ہر طرف کیا اہتمام عیش تہا
تہے خوش و خرم یہان بہے جو پہاڑ
تہین صدائین کلمہ توحید کی
بڑہ گیا کیا کیا شکوہ بو قبیس
باغ عالم مین جو بان اشجار رہے
تہا تنفر بکر اور تلبیس سے
طاعت رب مین جوان و پیر تہے
تہی زمین و آسمان کے درمیان
آتی تہی ہر سمت بوی مشک و عود
تہا نہ اونسی کوئی آئیس مین شبیہ
روح آدم نے بشارت جب سنی
غم گہٹا ہر ایک بڑہ کر مرتبہ
یکبیک طاری ہوئی حالت نئی
حوض کوثر خلد مین مضطر ہوا
تہی اوسے بحر کرم کی جستجو

راہ چلتی ہین سدا لیل و نہار
پشت ماہی پر فراغت سے کہڑے
اور زمرد سے ہوئے مین آشکار
کچہہ خبر اوس کو نہین ہے زینہار
خوش ہوئی ایسی اوسے جنبش ہوئی
ہوتا سب اہل زمین کا غیر حال
جلنے ہر وحش و طیور و آدمین
ہر مکان ہر قصر تہا عشرت سرا
لا مکان بہی اک مقام عیش تہا
مژدہ دیتے تہے پہاڑون کو پہاڑ
جس نے یہہ مژدہ سنا بس عید کی
معدن عشرت تہا کوہ بو قبیس
سب وہ محو طاعت غفار رہے
کام تہا تہلیل اور تقدیس سے
ہر طرف تہا کو نعرہ تکبیر تہے
فرحت و عیش و بشاشت کے نشان
نور کی برپا کیے ستر عمود
تہہم جانفزا تہے باشکل وجیہہ
خوش ہوئی اور جشن کی تدبیر کی
تہا مضاعف جشن ستر مرتبہ
موت کی تلخی کنارہ کر گئی
جوش آیا آب ... یا ہر عوا
بازہ بیر تہا بڑہ گئی تہی آبرو

گوہر و یاقوت کے ستر ہزار — قفر باہر آ گئے تھے بیشمار

تھے جو ہر دم تکرار و تند و بیر مین — سب شیاطین بند ہو گئے زنجیر مین

مضطرب تھے راحت و آرام بن — قید رکھا قلعے مین چالیس دن

پھر عجب صدمے سے بھی چالیس روز — غرق دریا مین رہے چالیس روز

ہو گئے پہلے سے بہی صدمے دو چند — تہی وہان فریاد واویلا بلند

کم نہ تہر آسمانی ہوتے تھے — آخرش پانی پانی ہوتے تھے

کیا لگی تہی کفر کے مٹ جانے مین — سرنگون بت ہو گئے بتخانے مین

قوم حضرت بہی بشارت پاتی تھے — کعبے سے بھی نکلتے ہین آواز آتی تھے

کیون دگرگون غم سے ہو حال قریش — ہو خبر سے اک گواہی آل قریش

آیا ہی امروز تم سب کی طرف — حکمران ہو گا کشور عز و شرف

دے گا وہ مژدہ تو ابو لسے تمہین — اور ڈرائیگا عذابو نسے تمہین

بہر مومن ہی شہنشاہ بشیر — کافرون کے حق مین سلطان نذیر

ہو گی اوس سے سود مندی بزرگ — اوس سے ہی اکرام و اجلال سترگ

ہی ترو تازہ نہایت باغ دین — لایا پہل نخل مراد مومنین

ہی ہمیشہ تاج بخش افسران — نور یزدان خاتم پیغمبران

کر چکا راز و لادت جب عیان — اسطرح بولا وہ کعب خوش بیان

دو جہان حضرت کے ہین زیر قلم — یون کتابو مین ہماری ہی رقم

عترت اوسکی بہترین خلق ہے — دشمن اوسکا کمترین خلق ہے

ہون گے اوس عترت مین سب شاہ زمان — دم سے اونکے بہر مردم ہی امان

گر جہان مین ہو گا اونسے ایک بہی — قہر حق نازل نہ یہان ہو گا کبھی

بہی ہلاکت اور طوفانسے نجات — اونکے دم سے ہو گی قائم کائنات

ابن سفیان نے کیا اوسدم سوال — ای ابو اسحق ای شیرین مقال

کونسی ہے سب مدحت نور خدا — کون سے پہلا عترت نور خدا

بولا بعد و عنصر جاہ فاطمہ
نور سفیان نے یہہ جب کلمے سنے
تنگ تھا صحبت میں اوسکے ساتھ سے
گو اوسے آزردہ پایا کعب نے
ایک دن ہوگا عجب ظلم شدید
کیا عجب گر ہوں دل مومن ملول
گو ہر اک اون میں تعین خلق ہے
بولا حاکم گو یہی کیا ہی نشان
اوسنے یہہ [illegible] کہہ تین باتیں ہاں
جب ہوئین تین باتیں یہہ اوسکے سامنے
[illegible] سنا ہی کچھ جیکے کہنا تھا جو
سنکے یہہ ہم سب ہوئے برخاستہ
[illegible] ادراک پاک مصطفے

ہیں وہ دو نور نگاہ فاطمہ
نور شرو ہوکر لگا لب کاٹنے
دم بدم ملتا تھا داڑھی ہاتھ سے
اس طرح اوسدم سنایا کعب نے
دونوں فرزند نبی ہونگے شہید
ہیں وہ دونوں راحت جان بتول
قاتل اونکا بدتر از خلق ہے
[illegible] کم اس راز کو بھی کر عیان
بعد [illegible] وہ مردی از قریش
تب کہا سب سے امیر شام نے
جاؤ اب گھر میری محفل سے اوٹھو
پائی [illegible] آراستہ
شہرہ آفاق میں صل علے

حدیث رسول مقبول خلقت نور میں قبل آدم سے

یوں ابوذر کی زبانی سے سنا
ہم علی اک نور سے پیدا ہوئے
اس طرح سے ہی بعد گر ہم ربط ہو
ہمکو خالق نے دئے کیا کیا شرف
تھی رسائی درگہہ علام تک
واہ کیا آغاز کیا انجام تھا
بعد اوسکے خلقت آدم ہوئی
نور تھا بدولت دہ مظہر مبین
[illegible] آدم رونق باغ بہشت

ایکدن فرمارہے تھے مصطفے
اور خدائے پاک کے شیدا ہوئے
ہم میں اون میں کیوں تھا ہم ربط
جلوہ گر تھے عرش کی داہنی طرف
تھا نہ آدم کا جہان میں نام تک
تھا وہ تسبیح خدا سے کام تک
اپنے پایت حضرت آدم کی
پشت آدم ہوگئی مسکن [illegible]
[illegible] اونکی صلب میں [illegible]

نوح جب کشتی مین بیٹھے باکر و فر
آگ مین جب تھے خلیل با خدا
تھی ہے نے کیا کیا عزت و تکریم کی
تھا نہایت فضل رب ذو الاکرام
سوتی عبد المطلب ہم آئے جب
نور کا رتبہ دو عالم لکھا قسیم
صلب عبد اللہ مین میرا نور تھا
شاد و خوش کیا کیا ابو طالب ہوئے
کسکو دنیا مین ہی تاب ہمسری
رب عزت نے یہ عزت دی مجھے
دی امامت اس علی پاک کو
کیا بیدا اور سے طاقت پائی ہے
رب یکتا نے ہمارے واسطے
واہ کیا کیا رحمت معبود ہے
کیون نہو ہمنام داور کا تسلے
ختم ہے گو یان رسالت لاکلام
بھیجا حیدر کو ولایت کے لئے
یون نہ پایا سن ایزد باری کرے
ہو ہون مین بیجا سب آگاہ ہون
نور رب مایہ ہی بھر کائنات
جب ہوا منظور رب بیمان
پہلی نور احمدی پیدا کیا
نور حضرت سے ہی ہین انبیا

ہم تھے اونکی پشت مین تب جلوہ گر
پشت مین اونکی ہمارا نور تھا
سیر دیکھی باغ ابراہیم کے
ہوتی تھے اصلاب پاکیزہ مقام
مور دقسمت ہوا وہ نور رب
ہو گیا حکم الٰہی سے دو نیم
پشت عمران مین علی کا نور تھا
مدعی مغلوب وہ غالب ہوئے
دی مجھے اللہ نے پیغمبری
یمن و برکت اور فصاحت دیکھی
اور فصاحت صاحب ادراک کو
اونکے حصے مین شجاعت آئی ہے
نام اپنے نام سے مشتق کئے
مین محمد ہون خدا محمود ہے
نام ہے حیدر سے برادر کا علی
اوسنے اعادہ امامت لاکلام
ہو امانت اور وصایت کے لئے
حکم حق ہو جو اوسے جاری کرے
محو شکر رحمت اللہ ہون
یاد تمہی سے اپنی خوش ہو جن صفات
سب ہے ظاہر ہو کمال بی زوال
بعد موصوف ذات کو جھلوا دیا
مین اودھین کی [illegible]

ہے جو بعد انبیا اون کا ظہور
ہے یہہ اوس میں حکمت رب غفور

ناسخ ہر ملت اسلاف ہون
اون کے ہر اک سی سوا اوصاف بین

ہوتی گر پہلی سے حضرت زیب صدر
سب نبیوں کی نکرتا کوئی قدر

کیونکہ بعد اونکی بطرز ہمسری
کوئی بہی پاتا نہ پھر پیغمبری

پڑہیئے اسدم بادل حاضر درود
چاہئے ہے نذر کے خاطر درود

ترجمہ قولہ تعالیٰ

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰئِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

بوئے رحمت سے گل ایمان جنو
یعنی تفسیر کلام رب سنو

آیہ رحمت ہے جو قرآن میں
ہے بلا شک مصطفےٰ کی شان میں

اسطرح فرماتا ہے رب ودود
بہیجتے ہین ہم پیمبر پر درود

موجب فرمان رب کائنات
سب فرشتے بہی ہین مشغول صلات

تم بہی ہو نائب رب ودود
اے گروہ مومنین بہیجو درود

باطنی الفت کو یون ظاہر کرو
تحفہ تسلیم کو حاضر کرو

انّ جو با معنے تحقیق ہے
شک نہین جائز بجز تصدیق ہے

کیا عجب رتبہ ملائک کا بڑہا
اسلیئے منصوب قرآن مین پڑہا

انّ کا جو اسم ہے با کرّ و فر
عطف ہو اس کا اوسی اللہ پر

ہے خبر فعل مضارع اس لیئے
فائدہ سے پہر دوام لو یعنے دیئے

ہے تقضیون مدا ابرار کا
فائدہ حاصل ہے استمرار کا

گرچہ مطلب سب عیان ہے صاف صاف
پر کیا ہے نحویون نے اختلاف

چاہیئے تا سید امر نیک کی
ہے خبر دونو کی وہ یا ایک کی

کہتے ہین یعنے نحاۃ خوش سیر
ہے وہ اللہ یا ملائک کی خبر

گرچہ لازم ہوتی ہے با صد نیاز
جمع ما بین حقیقت اور مجاز

فکر لاحق ہو نہ ہمکو کس طرح
سن بگوش دل اسے ای خوش صفات
جو یہان غیر دعا نے احتمال ہے
ہان مگر لازم ہی یہہ ای خوش سیر
بعد اوسکے کر لے قصہ مختصر
یعنے ہونا اوسکے تجوز ایسے کام
ہو اسے اندازہ یہ راوی کا قول
تا کہ ہو محذور سے حاصل نجات
بعد ازان جسکی طرف منسوب ہو
حسب استعمال جارون ہین روا
کہتے ہین بعضے اسنے سمجھو غلط
رغبت دل جانب معطوف ہے
کیون پریشان ہے تفکر کے سبب
یعنے رحمت ہی حسب شان رب
ناگوارا ہے جو انکی قال و قیل
جب تغایر موجب معمول ہون
دونون ہین سے ای خریداران دین
یعنے زید ضارب جب و ... د ہو
ای کسی کا زید ضارب ہے اگر
ایسے باتو نسے ہے حسب رہنا بجا
جا سے عمر یا حذا نے التسنی
ایسے امور مین مہارت ہے جسے
ہو تغیر ہے نہ خبر اوسکے کوئی

ہے لغت سے آشکار اس طرح
ہو نہ پہر دعا لغت صلات
سو مجاز اوس کا استعمال ہے
تو عموم مشترک کے طور پہ
حمل کیجیے اعتنا بالشان نیز
رکہنا تیمار اور کرنا اہتمام
صاحب تفسیر بیضاوی کا قول
ہو نہ جا بیجا گفتگو بہر نجات
لیکن اوسی معنی کو جو مطلوب ہو
رحم و استغفار و تسبیح و دعا
سے ہے خبر پہر ملائک وہ فقط
اور اللہ کے خبر محذوف ہے
حذف جائز ہے تغایر کے سبب
غیر کو زیبا ہے رحمت کی طلب
عالمون کی اس طرح پہر دین
دو خبر کی مختلف مدلول ہون
حذف کرنا ایک کا جائز نہین
بعد اوسکے ہی نقل عمر کو
شرح ہے جو کہنے والا ہے سفر
نحو یہ ہو گا نہ یون کہنا بجا
لام الف ہی پہر عہد خارجی
جسنی و ذکر سے ہی کہتا ہے اسے
جسکے خاطر ہو وجود خارجی

ہے اشارہ لام سے اوسکی طرف ۔ ہر طرح سے خاص ہے جو و اشرف
کس طرح ہلین عترت ذیشان مراد ۔ ہے محمد النبی سے یاں مراد
بعد ازاں ہے جملہ انشائیہ ۔ خبریہ جان ہے جب اک انشائیہ
یاد رکھ تو آیت صلوا علیہ ۔ دی خدا نے دولت صلوا علیہ
اوس خبر سے جسکی ہی واقف کیا ۔ مومنین کی واسطے فرمان دیا
ہے محمد نام سب ہے دو دو ۔ تحفہ تسلیم اور بھیجو درود
تاکیہ باتوں سے نہ غفلت چاہیے ۔ یعنے استدعا کہ رحمت چاہیے
ہے جو منظور خدا مانگو دعا ۔ تعقیدیہ فرمایا با لفظ علی
اسم سب پاک ہے جو السلام ۔ اوس سے ہی ہے تسلیم مشتق الکلام
ہے ذیشان از دی ہیں عیب سے ۔ ہے سلامت نقص سے اور عیب سے
ہو عیاں تاکید کا از بس نشان ۔ ہے موکد لفظ تسلیما عیان
ہیں [illegible] واقف مطلب نجات ۔ کہتے ہیں مفعول مطلق سب نجات
[illegible] اور ملائک خوش صفات ۔ بھیجتے ہیں اور بھیجینگے صلات
ہیں جو مومن عاشق رب ودود ۔ بھیجیں اونپر دل سے تسلیم و درود

ساقی نامہ

ساغر عرفان پلا دے ساقیا ۔ نور خالق کو دکھا دے ساقیا
اور بخشیں مژدہ کی فرش کو ۔ بھیجدے کرسی نشین عرش کو
دستہ رضوان ہے میخانہ مرا ۔ عرش تک پہونچا ہے افسانہ میرا
ساغر انجام نیک انجام دے ۔ پھر بلبل بادۂ گل فام دے
ساقی دیمار ہے [illegible] نما ۔ آب و آتش کو کیا ہے اک جا
اگر سنا ہے نغمہ الصبوح ۔ ہر سحر رندوں کو بخشی تم نے روح
اک جرعہ ہیں اگر ہیں لطف سو ۔ بادۂ کہنہ ہیں کیفیت سے نو
مے سے خانہ زندگی پیش کو ہے شکر ۔ اگر گیا لطف و عینیہ آب خضر تک

کیا عجب جمشید ہو گر سیر و شکار
ہو بلا سمق آفتاب دست ماہ رو

شاہی مجھے کشور ایمان کی لے
دل اگر ممنون احسان ہو ترا

جاتری خالی ہے بزم پاک میں
اَیُّہَا السَّاقِی اَدِرْ کَاسًا لَنَا

نشاۂ ملک بقا ہو دمبدم
لا دے مجھکو خم وحدت سی شراب

بادۂ الفت سے بھر جام نجات
گر طبع کو اوس سے حاصل ہو ایاغ

گر ہو عالم میں دل بربادی مردکا
دی وہی آب حرام ای خوش مال

وہ معطر چاہیی مجھکو شراب
بزم عشرت میں کوئی دل ہو نہ تنگ

ساغر انور اگر ہے آفتاب
ساقیا گرتا نے خم شام ہے

گو بظاہر رند ہوں بیہوش ہوں
ساغر بلور کو بھر دیجیے

جو کہ لیلائے شب میلا دہے
جلوہ فرما گر خدا کا نور ہو

ہو خمار صدمہ و اندوہ دور
تجہ سے گر فریاد کو ہاتھ آئی جام

افلی بعل کر ... رند ... سیر ...

ہر طرف ساغر ... ... ہوش
تا ذات محمد صلی اللہ سے آبرو

جام الفت ساقی کوثر کا دے
رہ نمائے لذت ایمان ہو میرا

دیر سے بیٹھا ہوا ہوں تاک میں
ضَاقَ وَقْتُ الْعُمْرِ فِی دَارِ الْفَنَا

چاہیے میرے لیے جام قدم
تا ہو مشترک کا جگر غم سے کباب

طالب یک جرعہ ہو خضر حیات
شب کو ہو مہتاب کار شمع چراغ

درد ہو اوسکا معالج درد کا
جو کہ شرع نور حق میں ہو حلال

گلشن عالم میں پانی ہو گلاب
بادۂ گلرنگ سی خم جائے رنگ

ہو صبوحی نور صبح انتخاب
تو شفق بھی بادۂ گلفام ہے

عین بیہوشی میں با صد ہوش ہوں
یعنی آب خشک کو تر کیجیے

تا نے مجنون کو اوس کی یاد ہے
تو دل بیہوش فخر طور ہو

بزم کو آب طرب سے ہو سرور
تا قیامت لی نہ خسرو شیرین کا نام

ہو ... میں رات دن جایا کرے

اسی طرح ہو دور اب آتشین
سیر و شو گرم ہو بازار دین

پھر صبوحی سے تو جام آفتاب
تا کہ بزم نور سے ہوں فیض یاب

جسمیں سے دیکھا ہو ثریا تاک میں
بادۂ انگور کے ہوں تاک میں

اے محبو پاس ایمان چاہیے
بزم میں آنیکا سامان چاہیے

دل سے یا ان حاضر رہو مطلب یہی
محفل مولود نور رب یہی

حدیث جابر رسالت مآب خلقت نور میں پہلے حضرت آدم سے

لکھتے ہیں یوں عالم دین مبین
ہے یہ ارشاد امیر المومنین

حق تعالی نے شرف کیا کیا دیا
پہلے نور مصطفی پیدا کیا

تھے نہ یاں جہان آب و زمین
آسمان و کرسی و عرش برین

کچھ نہ یاں موجود تھا غیر عدم
جنت و دوزخ نہ تھی لوح و قلم

چاہیے نور محمد پر درود
تھا نہ دنیا میں فرشتوں کا وجود

رتبہ نور خدا کیا کیا ہوئے
آدم و حوا نہ تھے پیدا ہوئے

ہے احادیث نبی سے آشکار
کہتے گر قبل آدم کا شمار

سال ہوں چوبیس الف او چار لاکھ
شک نہیں گو دل کرے انکار لاکھ

راست گو کہتے ہیں سب کوئی نہ تھا
غیر خدا اور نور رب کوئی نہ تھا

الغرض جب نور حق پیدا ہوا
خالق مختار کا شیدا ہوا

ہر گھڑی حمد و ثنا سے کام تھا
محو طاعت عاشق علام تھا

بندگی پر ایسا آمادہ ہوا
سامنے داور کے استادہ ہوا

جب عبادت میں برس گذری ہزار
بڑھ گیا اوس نور کا فخر و وقار

پاس طہارت علی کو اس قدر
دم بدم فرمائی رحمت کی نظر

طاعت معشوق جب عاشق نے کی
عزت مخلوق تب خالق نے کی

بار ہا پیغام رب آیا کیا
اس طرح اللہ فرمایا کیا

کون ایسا خاصہ معبود تھا
بس ترا ہونا ہمیں مقصود تھا

روایت جلاء العیون

چوبیس ہزار سال

بندۂ ذیشان و اکرم ہے تو ہی — باعث ایجاد عالم ہے تو ہی

پائینگے سب جسے راہ نیک کو — [illegible]

جو ترا دنیا مین ہوگا دوستدار — دوست رکھیگا اوسے پروردگار

جو ترا پیرو نہین گمراہ ہے — تیرا دشمن دشمن اللہ ہے

وہ تجلی اور نہ کوہ طور تھا — آپ تھا رب تجلی یا نور تھا

قرب خالق سے یہہ پایا ارتفاع — دفعۃً ہر تقا نور سے ہو شعاع

سب جہان سے کر لیا تھا انتخاب — نور سے پیدا کئے بارہ حجاب

حکم آیا جلوہ یون دکھلایئے — پردۂ قدرت مین پہلے آئیے

حسب فرمان طی ہجر کی راہ حجاب — مشتغل ذات رب سے ہوا تب باریاب

پاکے شان رب اعلی تجلی — ورد تسبیح تھا سبحان العلی

سال جب گذرے وہان بارہ ہزار — [illegible]

ہر طرح ظاہر ہوئے شان ورود — پردۂ عظمت مین فرمایا ورود

جا بجا تائید اور امداد تھے — عالم سر خفی کے یاد تھے

ہو چکی جب وان برس گیارہ ہزار — پردۂ عزت مین تب پایا قرار

ایک مدت تک عبادت مین رہا — ذکر پاک رب عزت مین رہا

رشتہ تحمید مین تھا منسلک — ورد تھا تسبیح سبحان الملک

دس ہزار او سجا ہوئی جس وقت سال — پردۂ ہیبت کا تب آیا خیال

جب وہان لایا وہ تشریف شریف — تھا محقق لطف دیان لطیف

تھا زبان حال سے ہر دم مقر — تو غنی و پاک ہے لا تفتقر

نو ہزار اوسکو برس جسدم ہوئے — تب یہہ فضل خالق اکرم ہوئے

حکم آیا منتظر اے خوش خطاب — ہے بزرگی و تکبر کا حجاب

رتبۂ صنع مکاشفات رب کو دیکھ — شان اسمائی صفات رب کو دیکھ

رتبۂ وحدت عجب کثرت مین ہے — سارا عالم قبضۂ قدرت مین ہے

بموجب فرمان ہوا حاصل کمال
ہاتھہ آیا پردۂ جاہ و جلال

نور رب پاک باشان عظیم
پڑھتا تھا تسبیح سبحان الکریم

کہتا ہے خود راوی ذیشان بحلف
گذری اوسجا سال اوسکو آٹھہ الف

پردۂ رحمت مین آیا بعد ازان
حمد رب پاک سے تھا تر زبان

بیچ مین خود رحمت داور تھی گرد
تھا اوسے سبحان رب العرش ورد

فضل یزدان راس و چپ او دیل و خلف
ساری گذری اوسجگہہ برسات الف

نور پر تھا لطف داور بیحساب
رہنے کو پایا نبوت کا حجاب

نام مولا اسم مالک ورد تھا
ہر گھڑی سبحان ربک ورد تھا

نور کا بڑھتا گیا عز و وقار
ذکر رب مین سال گذرے شش ہزار

طاعت رب سے شرف حاصل کیا
آیا مین حجاب کبریا

بموجب فرمان رب ہو کر مقیم
ورد کی تسبیح سبحان العظیم

رشتۂ الفت نہ ہا ہو قطع و خلف
یاد حق مین سال گذرے پنج الف

پھر ہوا وہ نور باصد مکرمت
جلوہ فرمائے حجاب منزلت

درگہہ معبود مین بیخوف و بیم
ورد تھی تسبیح سبحان العلیم

چار الف اوسجا ہوئی جسدم برس
غیر یاد رب نکوئی کی ہوس

پردۂ رفعت مین فرمایا جلوس
ایک عرصے تک وہین بھایا جلوس

دخل ظلمت تھا نہ نور رب کی گرد
تھا وہان سبحان من ذی الملک ورد

اوج پایا عزت و تبجیل سے
کام تھا تسبیح اور تہلیل سے

سال راحت سے ہوئی جب شش ہزار
آیا باہر واسطے نور کردگار

جانب رب سے ہوا اوسدم خطاب
منتظر اب ہے سعادت کا حجاب

جب یہہ حکم خالق یکتا ہوا
جلوہ گر نور خدا اوسجا ہوا

رہنے پرد تہہ سو اٹھ بینے لگا
تسبیح سبحان من پڑھنے لگا

سال بالخوبی ہوئے جب دو ہزار
واسطے نکلا نور باصد افتخار

عرض کی اے مالک روز حساب
جائے مجھکو شفاعت کا حجاب

ملتجی جب بدم حضور رب ہوا
ناگہاں آواز آئی اے حبیب
جائیے واں جلوہ فرما ہو جیے
سب کو کافی ہے حمایت آپ کی
ظلمت عصیان لئی ہی راہ عدم
نجم قسمت اوج پر جو ستار ھا
یاد رب مین سال جب گذرے ہزار
ہو منور راز خفی ہو منجلی
قدرت رب کی عجب جلوے دئے
گوش دل سے سن اسی باصد رجوع
ہو سعادت سی قرین مرد سعید
اک انابت اک امانت بحر ہے
بحر تقوے و عمل بحر رضا
اک خشیت اک تواضع کا ہی بحر
بحر صدق و بحر جود و بحر حلم
تا زیادہ ہو مصفا پر ضیا
اسطرح الطاف پر الطاف ہون
ہو چکا ہر بحر مین جب غوطہ زن
بحر آخر سے وہ باہر آیا جب
ای حبیب کردگار دو جہان
بہترین افضلان و اکملان
ساری مخلوقات سی اول ہی تو
رو مین تجسے صد ہماہی جان گزا

وحی سے ممتاز نور رب ہوا
منتسی ہو پردہ شفاعت کا قریب
نیر برج تجلا ہو سے جیے
منتظر خود ہی شفاعت آپ کی
نور نے رکھا شفاعت مین قدم
سبحہ سبحانہ پر ستار ھا
تب ہوئے اسرار کیا کیا آشکار
اسطرح ارشاد کرتے ہین علی
بیس دریا نور سے پیدا کئے
ایک اون سب مین سی ہی بحر خشوع
آبروی دین ہی دریائے مزید
اک ہدایت اک صیانت بحر ہے
بعد ازان بحر وفا بحر حیا
ایک اون سب مین توقع کا ہی بحر
بحر عزت بحر صبر و بحر علم
بیسون دریا مین اوسے غوطہ دیا
مجتمع اوس مین یہہ سب اوصاف ہون
آبرو پائی بصد وجہ حسن
خالق مختار نے فرمایا تب
ای محمد بہترین بندگان
بہترین انبیا و مرسلان
آخر پیغمبران افضل ہی تو
ہی شفیع عاصیان روز جزا

نور سن سنکے خطاب بے نیاز — ہو گیا تھا سجدوں سے کیا کیا سرفراز

سر اوٹھایا سجدۂ داور سے جب — نور نے ایجاد کیا یا فیض رب

تھی تجلی واں زیادہ طور سے — نور کی قطرے گرے اوس نور سے

یو چہار اوسی فی جو اون سکا شمار — قول حضرت سے ہوا ہے آشکار

سب وہ کہتے ہیں چوبیس الف اور ایک لاکھ — منکشف ہر اک سے ہے سر نیک لاکھ

انبیا اون قطروں سے پیدا ہوئے — مورد احسان رب کیا کیا ہوئے

بیچ میں تھا نور پاک مصطفےٰ — گرد قطرے نور کی با صد ضیا

نور حضرت تھا نہ کعبہ تھا صاف — اور سب قطرے تھے سرگرم طواف

دمبدم حمد خدا کا تھا خیال — پڑھتے تھے تسبیح رب ذو الجلال

یک بیک جب اسطرح ساماں ہوا — جانب اللہ سے آئی ندا

کون ہوں میں جانتے بھی ہو مجھے — عارفو پہچانتے بھی ہو مجھی

گرچہ سب خاموش تھی سنکر خطاب — نور حضرت نی دیا جھٹلے جواب

بیگماں تو وہ خدا ہے پاک ہے — جسکی بابت صاحب لولاک ہے

جز ترے کوئی نہیں معبود ہے — دو جہاں میں ایک تو مقصود ہے

تو رہا ہر حال میں بری از شریک — تو ہے واحد کون ہے تیرا شریک

وہ ملک ہے تو کیا سب سے سلوک — تابع فرمان ہیں تیرے سب ملوک

کلمہ احمد ہوا جب ختم تمام — بس یہ آواز آئی اوس دم لا کلام

تو ہے مقبول خدا ہے بے ہمال — تو حبیب رب ہے نور باکمال

اسے محمد بہترین کائنات — بادشاہ محسنین و محسنات

اے رسول حق شفیع المذنبین — شمع بزم اصطفا مصباح دین

اے نبی محترم خیر الوریٰ — تیری امت امتوں میں ہے سوا

قصہ کوتہ بعد این گفت و شنید — جوہرے زان نور حضرت آفرید

خالی حکمت سے نہیں فعل حکیم — قدرت رب سے ہوا جوہر دو نیم

ایک مدت تھا چھپا باصد عز و جاہ — آخر اس ہیبت کی نظر سے کی نگاہ
آب شیریں نا گہاں پیدا ہوا — جب کہ پانی تب سے جہاں پیدا ہوا
الغرض باقی جو تھا [illegible] گہر — اور جو شفقت کی نظر سے کی نظر
بعد اس کے کہ ہوئی [illegible] گیا کیا — بس اسی سے عرش کو پیدا کیا
آبرو کیونکر نہ [illegible] پائے آب — عرش کو قایم کیا بالائے آب
کرسی انور کو پھر جلوا دیا — نور عرش پاک سے پیدا کیا
نور کرسی سے عجب عزت ہوئی — اوسکے دیئے لوح کی خلقت ہوئی
اور نور لوح سے باصد کرم — رب یکتا نے کیا پیدا قلم
جب قلم کی خلقت کامل ہوئی — وحی اسکے واسطے نازل ہوئی
ہوش مند وحدت کی وہ تھی لکھ — پہلے ہر شے [illegible] مری تو حمید لکھ
جب کلام حضرت باری سنا — [illegible] نازی [illegible] بدہوش تھا
[illegible] سال [illegible] میں جب گذرے ہزار — عرض کی اوسدم کہ اے پروردگار
ہو کی ادنی مدحت اعلی لکھوں — [illegible] ارشاد حق میں کیا لکھوں

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

حکم آیا تیرے حق میں نیک ہے — لکھ خداوند دو عالم ایک ہے
اور محمد سرور ذیجاہ ہے — [illegible] خالق رسول اللہ ہے
جب سنا نام خدائے بے نیاز — سجدہ رب سے ہوا تب سرفراز
اعظم و غفار تھا ورد زبان — واحد و [illegible] تھا ورد زبان
جب وہ اوٹھا سجدہ معبود سے — دونوں کلمے جب شہادت کے لکھے
پھر کہا اوسنے یہ وقت عرض ہے — اے میرے مالک محمد کون ہے
کون ایسا سرگروہ ناس ہے — نام اوسکا نام رب کے پاس ہے
پاس کو وہ رتبہ آیا ہاتھ ہے — یاد اوسکی ذکر حق کے ساتھ ہے

سبحان اللہ والحمد للہ [illegible] سبحان اللہ العظیم [illegible]

آرزو پوری خوشی حاصل ہوئی ۔۔۔ یک بیک وحی خدا نازل ہوئی
گر نہوتا سرورِ عالی ہمم ۔۔۔ تو بھی یان پیدا نہوتا ای قلم
عرش کو جلوا دیا اوسکے لئے ۔۔۔ خلق کو پیدا کیا اوسکے لئے
ہی برائے دوستان شاہ بشیر ۔۔۔ اور عدو نکے واسطے ہر دم نذیر
بہر ظلمت نور بخشندہ چراغ ۔۔۔ اور شفیع خلق سے عالی دماغ
نائبِ حق صاحب تکریم سے ۔۔۔ دوست میرا واجب التعظیم ہے
نام حضرت سے حلاوت جب ہوئے ۔۔۔ عرض کی کیا کیا نہ فرحت اب ہوئے
السلام ای شاہ ذیشان السلام ۔۔۔ السلام ای نور یزدان السلام
گرچہ یادِ حق مین تھے عالی جناب ۔۔۔ رحمت و شفقت سے فرمایا جواب

عَلَیْکَ السَّلَامُ مِنِّی وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

مستحب اوسدن سے ہی کرنا سلام ۔۔۔ اور جواب اوسکا ہی واجب لاکلام
پھر ہوا حکم خدا پھر قلم ۔۔۔ چاہئے ہر دم سر تسلیم خم
لکھہ اوسے ہونا جو ہی شام و سحر ۔۔۔ لکھہ مرا امر قضا امر قدر
آج ہی سب پی تاثل ہو رقم ۔۔۔ تا قیامت جو کرین ایجاد ہم
الغرض مرقوم اور مسطور تہا ۔۔۔ جو خدائے پاک کو منظور تھا
ہر طرف کو عیش کا سامان ہوا ۔۔۔ خالق مختار کا فرمان ہوا
رحم کے سامان ہویدا ہون ابھی ۔۔۔ یان فرشتے چند پیدا ہون ابھی
جلوۂ قدرت نظر آنے لگے ۔۔۔ کچھہ ملک با کر و فر آنے لگے
الغرض اون سب کو جب پیدا کیا ۔۔۔ ربِ واحد نے یہہ تب عہدا دیا
مصطفٰے پر اور اونکی آل پر ۔۔۔ بخطر بھیجو درود آٹھون پہر
اور ہین جو شیعیان مصطفٰے ۔۔۔ عاشقان خاندان مصطفٰے
اونکے خاطر ہو دعائے مغفرت ۔۔۔ پیش حق ہین مستحق مرحمت
تا قیامت اس سے تم غافل نہو ۔۔۔ اپنے خالق کی حفاظت مین رہو

السلام علیک یا رسول اللہ

ہی یہہ قول راوی نیکو سرشت
نور حضرت سے کیا پیدا بہشت

باعث رحمت یہہ کیفیت ہوئے
چار وصف یعنے عطا زینت ہوئے

یعنے تعظیم و جلالت کو دیا
پہر امانت اور سخاوت کو دیا

سر سبز آراستہ جنت کئے
دوستون اور اہل طاعت کی لیے

کہتے ہین اوٹھا جو پانی سے دہوان
ہوگئے طیار ساتون آسمان

مجتمع تہا جسقدر پانی یہ کف
اپنی قدرت سے اوسی بخشا شرف

منقلب وہ صورت زیبا ہوئی
یعنے اوس سے سب زمین پیدا ہوئی

تا نہ کشتی نہ تہرے آب پر
اوس زمین کو فوق تہا سیماب پر

باعث جنبش تہا رعشہ بی شمار
یعنے دریا مین نہ ممکن تہا قرار

اسلیے پیدا کیے خالق نے کوہ
تا زمین کو تہام لین با صد شکوہ

پہر خدا نے اک ملک پیدا کیا
سب زمین کو دوش پر اوسنے لیا

یک بیک ظاہر ہوا سنگ عظیم
اوس فرشتے کو کیا اوس پر مقیم

پہر کیا گاو زمین کو جلوہ گر
اور رکہا سنگ اوسکی پشت پر

بعد ازان پیدا ہوئی مچہلی جو ہین
اوس پہ استادہ ہوئی گاو زمین

جوش مین ہر بحر رحمت بیحساب
حوت سے پانی جگہہ بالاے آب

پانی بالاے ہوا ہے برقرار
اور ہوا بالاے ظلمت آشکار

تحت ظلمت قدرت اللہ ہے
کون اوس سے غیر حق آگاہ ہے

دفعتہ پہر اسطرح قدغن کیا
عرش کو دو نور سے روشن کیا

اک ہے نور فضل دیگر نور عدل
تا ہے یکسر اسے مذکور عدل

کیا عجب زینت یہ گر زینت ہوئی
چار شی کی فضل سے خلقت ہوئی

ایک ہے گر عقل ثانی حلم ہے
پہر سخاوت اور تہا دم علم ہے

ہے یہہ قول عاشق رب کریم
عقل سے پیدا کیے ہین جود و بیم

قادر و مختار ہے ذو الکبریا
علم سے پیدا کی خوشنودی رضا

حلم سے گر ہے مودت کا وجود
خاصۂ یزدان ہے شاہ کائنات
مثل احمد انکی بھی توقیر کی
پیش رب دو جہان عزت جو ایک
امت احمد سے ہیں جو مومنین
دست قدرت سے جو طینت پیدا کیا
نور احمد سے کئے پھر جلوہ گر
نور کا دریا جب آیا موج پر
آسمان خود بخود نظارہ ہوا
اور روشن ایجاد دنیا میں ہوئے
منتظم پھر جہان پیدا کئے
بعد ازان نور شریف مصطفی
سال گذرے جبکہ ستر ہزار
سال او سچا بھی ہوئے ستر ہزار
پھر ہوا سدرہ میں جنت کا سفر
پایا فضل رب سے کیا کیا بعد ازان
بعد اوسکے موجب حکم ودود
نور پاک شاہ منتقل الاہ
آسمان اولین پر آیا جب
ہر ارادہ یہ نہ عرصہ سا کیجے
حکم رب آیا سے روح الامین
سدرہ سے طے کرکے سمت فرش کو
جب سنی ابلیس ملعون نے خبر

اور سخاوت سے محبت کا وجود
اونکی طینت میں ہیں سارے صفات
طینت آل نبی تخمیر کے
چار دہ معصوم کے طینت ہر ایک
ونکی روحیں بعد ازان ایجاد کین
پیا اونکو عاشق شیدا کیا
آفتاب و ماہتاب اسی خوشی سے
اور انجم کو پایا اوج پر
کوئی ثابت کوئی سیارہ ہوا
نیک سیرت فکر عقبی میں ہوئے
سب ملائک ناگہان پیدا کئے
جلوہ گر دیکھا تو عرش علی
آیا جنت میں وہ نور کردگار
سیر ان فردوس کی دیکھی بہار
عیش و راحت میں وہ تھا دار السلام
سب برس گذرے وہاں ستر ہزار
آسمان سے آسمان پر تھا ورود
منتقل ہوتا رہا با عز و جاہ
خالق مختار نے فرمایا تب
حضرت آدم کو پیدا کیجے
ہو روانہ آج تو سوئے زمین
جسم آدم کے لیے کچھ خاک لا
تب ہوئی سبقت اوسے نظر

حضرت جبریل سے پہلی کہا
اور زمیں سے اس طرح اوسنے کہا

یہ ارادہ ہے خدائے پاک کا
کر کے پیدا ایک پتلا خاک کا

قوم انسان کو ...
پہر جلانے حشر کو بائیں نار

تو نہ ... انکو ...
اپنی مٹی سے نہ مٹی دیجیو

جب ... آئیں ... خاک
اس طرح کچھ ہو کے تو اندوہناک

مانگتی تھی ان رب تعالی سے پناہ
تا نہ میری خاک ہو جاے تباہ

پھر ... جنت ...
آتش دوزخ ہو جس سے بہرہ ور

... جبریل ...
اوس زمیں نے تب بصد آہ و فغان

... تب ... لیب
اور نہ اپنی خاک نے لینے دیا

... فریاد سنکر جبرئیل
اور کیا معروض امر رب جلیل

غم سے ... حال زمیں ایسا تباہ
چاہتی ہے درگہ رب سے پناہ

کچھ وہاں تھا نہ کچھ اوس سے لیا
رحم اوسکے حال پر میں نے کیا

... عزرائیل ... فرمان رب
جائیں میکائیل و اسرافیل اب

جا ... خدا راہی ہوئے
موجب حکم خدا راہی ہوئے

... لگے
تا نے زوج آئیں دونوں پھرے

... ان دونو کی قال و قیل کو
بھیجا نے تاخیر عزرائیل کو

... رہی نالے بلند
پر نہ اونکو رحم ہوا تھا پسند

... عزرائیل خوشخواہ زمین
بے سبب ہوتی ہو کیوں ...

مانگتا ہوں میں بھی اوس رب سے پناہ
جسکا یاں محکوم ہوں شام و پگاہ

... طاعت باعث عیش و فرح
حکم حاکم کو نہ مانوں کس طرح

... کچھ کی نہ پرواے زمین
لی وہ مٹی تھی جو بالاے زمین

کام رکھا غسل کے آئین سے
مجتمع کچھ خاک کی پائیں سے

اور کچھ قبضے میں کی سرخ و سیاہ
لی سفید او ... کچھ با صد ...

جابجا سے جھکہ لی ایک مشت
کیون نظر آمین نہ سامان مختلف
الغرض جب خاک عزرائیل لائے
کیا زمین کے حال پر آیا نہ رحم
جب سنا اوس صاحب تبجیل نے
کب زمین کی معذرت مرغوب تھی
جب مطیع حکم یون پایا اوسے
ہے ارادہ ای سعید و خوش صفات
اونمین کچھ ہون انبیائے مرسلین
کچھ تو ہون خاصان رب کائنات
اسطرح محکوم یزدان ہو تو ہی
پھر ہوا حکم خدا جبرئیل کو
جسکے باعث سے ہوئی پوری امید
طینت پاک رسول اللہ صلعم سے
اصل ہے ہر ایک خوش اوقات کی
سنکے حکم رب ہوے اوسدم روان
وہ ملائک لیکے جو ہمراہ تھے
جو کہ تھے درگاہ رب مین باریاب
اور تھا تسبیح خوان جنکا لقب
الغرض یکبارگی پہونچے وہان
اسطرح مرقوم ہے ای خوش تپاک
تھی مدد کو رغبت رائے منیر
ایک بانی تھا اگر تسلیم کا

کچھ زمین سے خاک لی نرم و درشت
ہین اسی سے رنگ انسان مختلف
یہہ صدا آئی کہ کیونکر لیکے آئے
اون فرشتون کی طرح کھایا نہ رحم
عرض کی اوسوقت عزرائیل نے
رحم سے تیری اطاعت خوب تھی
وحی سے ممتاز فرمایا اوسے
ہون بشر ایسے میان کائنات
اور کچھ ہون اوصیائے پاک دین
اور کچھ ہون اشقیائے بد صفات
اونکے خاطر قابض جان ہو تو ہی
جلد لا اوس خاک کو ای نیکخو
فضل رب سے ہے جو نورانی سفید
نام جسکا احمد ذیجاہ ہے
اصل ہے لاریب مخلوقات کی
حضرت جبرئیل ما کرو بیان
جو مقرب اور بہت ذیجاہ تھے
صادقین مشہور تھا جسکا خطاب
ساتھ تھی جبرئیل کے باصد ادب
ہے ضریح پاک حضرت کی جہان
لی وہان سے ایک مٹھی خاک پاک
سات پانی مین لیا اوسکو خمیر
دوسرا تھا نگہبان تعظیم کا

آب رحمت آپ تکو ہی نگہبان　　آپ خوشنودی رب دو جہان
اے محبان رسول دوسرا　　آپ تکریم اور آپ عفو تھا
سر حضرت کا ہدایت سے بنا　　سینہ پر نور شفقت سے بنا
ہاتھ ہر اک گر سخاوت سے بنا　　فرج اطہر اونکا عفت سے بنا
گر شرف سے پاؤں وہ پیدا کئے　　مرتبے درجہ علا کیا کیا کئے
گو نہیں آساں بیاں روئے خوش　　تھے نفسہائے محمد بوئے خوش
اسطرح جس وقت طینت بن چکی　　طینت آدم میں پھر مخلوط کی
جب جسد آدم کا بالکل بن چکا　　تب فرشتوں کو ہوئی وحی خدا
پھر گل میں درئے امداد ہم　　اک بشر کو کرتے ہیں ایجاد ہم
سب اطاعت پر زمیں چالاک چست　　روح پھونکیں جب اوسے کرکے درست
اوسگھڑی سارے ملک باصد نیاز　　سجدۂ تعظیم سے ہوں سرفراز
جب یہ رتبے خاص یزداں کے ہوئے　　مشورے تعمیل فرماں کے ہوئے
جسم آدم کر چکے طیار جب　　لائے اوسکو گلشن جنت میں تب
شان آدم کے مقر تھے سب ملک　　حکم رب کے منتظر تھے سب ملک
یعنی جب اوس سمت سے ماموروں　　سجدہ کرکے خرم و مسرور ہوں
جان آدم کو ہوا حکم خدا　　جسم اطہر کو کیا تجھکو عطا
روح نے دیکھا مکان تنگ جب　　جانے سے واں آیا عار و ننگ تب
تنگی اوسکی مانع و حائل ہوئی　　مضطرب ہو کر نہ وہ داخل ہوئی
خوف رب سے غم یہ غم سہنے لگی　　یوں زبان حال سے کہنے لگی
اس مقام تنگ سے انکار سے　　پھر مسکن جائے استغفار سے
حکم رب آیا کراہیت سے جا　　اور باہر تو کراہیت سے آ

ذکر دخول روح آدم در جسم

روح جب آنکھوں میں پہنچی بیخطا　　ہو گیا نور بصر عین عطا

نقص حق صنعت کو دکھلانے لگا — جسم آدم کو نظر آنے لگا
ہو گیا پیش نگہ اوج فلک — سنتی تھی آواز تسبیح ملک
آئی جب دم روح تا بینی دماغ — تھا معطر باعث خوشبوئی باغ
جب یہی اللہ نے عطسہ کیا — اونکو تب اللہ نے گویا کیا
تو بتا مقام شکر کہیے جیکا ہو یا — وہ تھا الحمد للہ تب کہا
جب تکلم سے ملا تھا احترام — کلمہ اول یہی تھا لا کلام
اوسکو ہی رب صمد نے وحی کی — اپنے جانب سے تو یہ رحم دی
اوس دعا کے بعد یوں مژدہ دیا — تجھکو رحمت کے لیئے پیدا کیا
یاد رکھ تو جو میرا ارشاد ہے — مستحق اوسکا مع اولاد ہے
بعد عطسہ جو کرے شکر خدا — ہم کریں تب بیگمان رحمت عطا
بس اسی باعث سے یاں مشہور ہے — اور تا ہمین گفت مذکور ہے
چاہیئے ہر وقت پاس [illegible] — رحمتہ عطسہ کنندہ کہیں
جانب اللہ سے رحمت ہوئی — [illegible] اوسکے دعا سنت ہوئی
یہ سنا عطسہ کی دعا انسان کو — [illegible] بہت شیطان کو
دیکھا آدم نے جو سوئے آسمان — اوسکی قدرت کے نظر آئے نشان
شش جہت میں فضل رب کی [illegible] — [illegible] ہم
حق کو سوجھی سالک اوسکی راہ کے — کون ہے معبود حسن اللہ کے
ہے محمد بندہ رب اور رسول — کیا شگفتہ باغ ایمان کا ہے پھول
اہلبیت اوسکے جو باقی ضرہ ہیں — نام اونکے بھی وہان تحریر ہیں
روح آدم جبکہ پہونچی [illegible] — چاہا اوٹھ بیٹھوں مگر اوٹھنا تھا شاق
ہوئی کیونکر طاقت استعداد کی — روح اقدس تا قدم پہنچی نہ تھی
ہے یہ ثابت رب کے قال و قیل سے — خلقت انسان ہوئی تعجیل سے

بیان روح حضرت آدم [illegible]

قدرت رب دو عالم ہی عیان
حضرت صادق سے کرتے ہین بیان

روح آدم سو برس تک سر مین تھی
سو برس تک سینۂ اطہر مین تھی

کیا کہون کن کن مکانونمین رہی
سو برس تک اونکی رانونمین رہی

سو برس تک پایا زانو مین مقام
سو برس قدمونمین رہنے سے تہا کام

سجدے سے ہمت جب وہ آمادہ ہوئی
تب بخوبی اونکے استادہ ہوئی

تھا عروج خاصۂ رب ودود
سب ملائک کو ہوا حکم سجود

جب یہ ساماں پھر آن ذی رتبہ تھا
ظہر کا تھا وقت روز جمعہ تہا

یون ملک باصد ادب سجدین تھے
تا بوقت عصر سب سجدہ مین تھے

پشت اقدس سے سنی ایسی صدا
بولتے ہین جیسے مرغ خوش ندا

جب نہ ظاہر اوسکی کیفیت ہوئی
حضرت آدم کو تعجب جب ہوئی

عرض کی ای خالق جن و بشر
کون ہی خاصہ الٰہی پشت پر

کس حضور قلب سے باصد صفا
مشتغل ہے تسبیح اور تقدیس کا

یون سروش غیب سے آئی ندا
ہی یہ تسبیح محمد کی صدا

ہی وہ سردار سپاہ ظاہرین
ہی نبی اولین و آخرین

ہی سعادت اوس نکو اطوار کی
جسکو الفت ہی شہ ابرار کی

اوسکو روز حشر جنت سے ہی کام
جسکو عترت کی اطاعت سے ہی کام

جس مخالف کو ہی عصیان کا مرض
اوس لعین کو ہی شقاوت کا مرض

پیش خالق عہد و پیمان چاہیے
مرتے مرتے پاس ایمان چاہیے

با حفاظت اسکو رکھنے دیکھو
بی محل بیجا نہ ضایع کیجیو

عورتین ہون جو عفیفہ طیبہ
صادقہ اور مرضیہ ذی مرتبہ

باعث راحت اونہین کو جانیو
قابل صحبت اونہین کو جانیو

منجلی ہو تم یہ اسرار خفی
جو رحم ہون پاک و طیب ہی صفی

ہی اونہین کو سنو سنوا ابن فہد کو
شاد رکھیو خاطر مسرور کو

جو ہوں یا ہیں جہاں مردان پاک
لائق اسکے ہیں وہی ای خوش تپاک

صلب پاکیزہ ہیں جو ابرار کے
مستحق ہیں نور خوش کردار کے

عرض کی آدم نے ای پروردگار
بڑھ گیا اسکے سبب سے اقتدار

ہی لطافت بخش یہہ نور لطیف
باعث عزت ہے سولود شریف

اوج سے اسکے ہوا اوج کمال
ہے بدولت اسکے یہہ حسن وجمال

ذکر خلقت حضرت حوّا علیہ السّلام

جو کہ آدم سے تھی طینت زائدہ
کم نہ تھا اوسکے سبب سے فائدہ

منکشف یوں راز نہاں ہو گیا
خلقت حوّا کا سامان ہو گیا

خواب کو آدم پہ مستولی کیا
پھر حوّا خلعت ہستی دیا

استراحت سے ہوے بیدار جب
پائے رحمت کے در چند آثار تب

اوٹھتی اوٹھتی اسطرح آیا نظر
ایک عورت ہی سرہانے جلوہ گر

پوچھا آدم نے بتاؤ کون ہو
حال کچھ اپنا سناؤ کون ہو

بولے افضل خالق علام ہے
ای نکو انجام حوّا نام ہے

حق تعالے نی کرم کیا کیا کیا
مجھکو تیرے واسطے پیدا کیا

بولے کیوں بہتر نہو صحبت تری
شک نہیں کیا نیک ہی خلقت تری

جب کہا یوں آدم ذیجاہ نے
اسطرح تب وحی کی اللہ نے

تو مرا بندہ یہہ ہی میری کنیز
غیر سے ہمجنس ہوتا ہی عزیز

تمکو اوس گھر کے لئے پیدا کیا
نام ہی جسکا بہشت پر ضیا

چاہیے پاکیزگی کا میری پاس
ہو سدا ورد زبان حمد وسپاس

دلسے طاعت خالق یکتا کی کر
خواستگاری حضرت حوّا کی کر

مہر اوسکا دیکے دلکو شاد رکھ
اوسکے دم سے اپنا گھر آباد رکھ

پوچھے اوسدم آدم ذوالاقتدار
مہر کیا ہی اوس کا ای پروردگار

مہر حوّا کا جو پوچھا مسئلہ
حق تعالے نے کہا دس مرتبہ

بھیج ای آدم محمد پر درود — اور اوسکی آل امجد پر درود
عرض کی اسمین نہ حجت چاہیے — اسطرح یاد اشش نعمت چاہیے
کیا تمری رحمت ہی باہوش وحواس — زندگی بھر کیجیے شکر وسپاس
مہر دینے پر جو وہ راضی ہوا — خالق مختار خود قاضی ہوا
دی اجازت صاحب تحصیل نے — عقد دونونکا پڑہا جبریل نے
یک بیک کیا کیا ہوا فضل الاہ — سب مقرب اور ملائک تھے گواہ
مقصد آدم جو یان پورا ہوا — ساکنان چرخ مین شور اہوا
قدسیو گلگشت جنت کو چلو — نور خالق کی زیارت کو چلو
کہکے یہہ راہی ہوئے سوئے بہشت — پاس آدم کے گئے نیکو سرشت
جب زیارت پر وہ آمادہ ہوئے — پشت کی جانب کو استادہ ہوئے
بولے اوسدم آدم عالیتبار — کیا سبب ہی اسکا ای پروردگار
مجتمع ہو کر ملک آتے ہین جب — پشت کی جانب کھڑے ہوتے ہین سب
وحی آئی اسطرح ای ذیشرف — اس سبب سے سب کھڑے ہین اوسطرف
رتبہ بخشا صلب مخزن طور کو — منتقل ہمنے کیا ہے نور کو
عرض کی آدم نے ای رب علا — پیش رو نور محمد کی ہو جا
کیلیئے ہم مضطرب خاطر رہین — سب فرشتے سامنے حاضر رہین
نور رب آیا سہر اوج پر — دیکھا آدم کی جبین پر جلوہ گر
جمع تھے جو نور حضرت کے لئے — سامنے آئے زیارت کے لئے
سب ملائک تھے صفین باندہے ہوئے — نور کے مدنظر جلوے ہوئے
پھر یہہ آدم نے کہا ای بے نیاز — نور رب سے گو جبین ہی سرفراز
او جھل آنکھونسے رہی ہے دلکو شاق — ہو زیارت کا مجھے بھی اشتیاق
ایسی جا پر چاہیئے اسکا مقام — جلوہ گر ہو میرے آگے صبح وشام
اب نہین ذلی ناتنا ہی کیا کردن — مین بھی تیرے نور کو دیکھا کردن

بابا آدم کو جو مشتاق جناب
کی دعا رب صمد نے مستجاب

نور احمد [illegible] ذوالاکرام
بابا انگشت شہادت میں مقام

دفعتاً انگشت وسطیٰ میں ہو جلی
آکے وان قائم ہوا نور علی

بابا جب خنصر میں نور فاطمہ
ہوئی حوا سے ظہور فاطمہ

[illegible] سے بابا بنصر میں حسن
زینت خنصر ہوا نور حسن

[illegible] انگشت [illegible]
جلوہ گر اوس جا ہوا نور حسین

[illegible]
دست آدم مطلع انوار تھا

نور [illegible] سے جلا [illegible]
رات دن صبح و مسا ساطع رہا

عکس جو [illegible]
سب زمین و آسمان پر نور تھے

[illegible]
عرش و کرسی پر فروغ نور تھا

تھے منور [illegible]
شان و قدرت کے [illegible]

ذات [illegible] کہاں [illegible]
کس جگہ اوس نور کا جلوا نہ تھا

[illegible] مشتاق جنت طور تھا
پاس آدم کے وہ دائم نور تھا

[illegible]
[illegible] کے شاد ان کے تھے [illegible] خوش نصیب

[illegible]
پہلے صحبت سے [illegible]

[illegible]
گوہر [illegible] کرم دنیا کے تھے

[illegible]
[illegible] امانت اور میثاق خدا

[illegible] کا
[illegible] ابن کا

ذکر انتقال نور [illegible] شیث [illegible] آدم [illegible] بیان کرتے ہیں

حضرت آدم کا ملا جب [illegible]
حضرت حوا ہوئیں تب حاملہ

[illegible] کہ پیدا شیث ہو
باغ عالم میں ہویدا شیث ہو

[illegible] حوا کی مثل اک حور تھی
نور خالق سے جبین پر نور تھی

[illegible] آباد کو
جبرئیل آئے مبارکباد کو

عرض کی ہین دینے آیا ہون نوید
باغ عالم مین پہلا نخل امید

بولے تب بابی بشارت شیث کی
پھر ہوئی اکدن ولادت شیث کی

تھا جبین مین نور احمد مشتعل
مہر و مہ افلاک پر تھے منفعل

فضل رب سے شاد سب کی دل ہوئے
یک بیک روح الامین نازل ہوئے

پاس حکم خالق یکتا کیا
بابین اور فرزند مین پردا کیا

مختفی یون شیث ذیشان ہو گئے
کہتے ہین آنکھون سے پنہان ہو گئے

رفتہ رفتہ جسگھڑی بالغ ہوئے
ہر کمال و فضل سے فارغ ہوئے

باپ نے بیٹے کو فرمایا طلب
سامنے حاضر ہوئے باصد ادب

بولے آدم ای جگر بند صفی
بعد مدت ہو چلی سر خفی

اکدن تم سے جدائی ہونی ہے
قید دنیا سے رہائی ہونی ہے

ہے قرین اب اختتام زندگی
ہوئی لبریز جام زندگی

ہے ارادہ کیون توقف کیجیے
آج تم سے عہد و پیمان لیجیے

بعد ازان سوئے فلک جب کی نگاہ
انکی مطلب سے ہوا واقف اللہ

ناگہان فرمان رب نافذ ہوا
ای فرشتو تم ٹھہر جاؤ ذرا

ہے یہہ موقع عہد کی تصریح کا
شور و غل موقوف ہو تسبیح کا

تا ہر اک تقریر آدم کو سنے
عہد پر تاثیر آدم کو سنے

اس طرح سے جب ہوا فرمان رب
سب متامل ہو گئے خاموش سب

تھی کسی دل کو نہ اصلا فکر بیچ
تھے نہ مرغان جنان تک نغمہ سنج

جب کھڑے تھے حاجب نیکو سرشت
بند تھی آواز دریاے بہشت

تھم گئے دریا گھٹا موجون کا زور
نہر جاری مین نہ تھا پانی کا شور

پر سمیٹے حضرت جبرئیل تھے
اور جب میکائل و اسرافیل تھے

ہو گئیں غرفون مین حوریں جلوہ گر
تھے کھڑے غلمان اوٹھائے اپنا سر

تھا خیال آدم عالی مقام
ہو گیا ہر ایک مشتاق کلام

محو دل کیسے صاحبان ہوش سے
ہوچکا جب ہر طرف کو انتظام
یعنی ای شیرین سخن رطب اللسان
منتظر سب صاحب اخلاق ہین
عرض آدم نے کیا ای بے نیاز
تھا مشیت کا جو تیری اقتضا
خوش رکھا ہر وقت خوش اوقات سے
[illegible]
بیگمان تو نے سبھے سونپا وہ نور
تیری قدرت سے وہ رتبے پائے مین
سرفراز اوس سے جبین شیث ہو
ہو ارادہ کوئی حجت رہ نجائے
دیکے مجھکو ایسا نور پُر ضیا
مین بھی اقرار اوس طرح لون شیث سے
جب کلام حضرت آدم سنا
آشکار ارازِ پنہان کیجئے
بات یہ منظور ہو جب شیث کو
ہو نہ ضایع حرمت نورِ اِلٰہ
پھر ہوا حکم خدا جبریل کو
جب بتاکید اس طرح فرمان ہوا
تاکہ ہو بہر زمین اوج فلک
جب چلے روح الامین با صد وقار
رعب کو تھا مجزا فضلے ساتھ مین

اور فرشتے سب ہمہ تن گوش تھے
پھر آدم تب ہوا حکم کلام
جو بیان کرنا ہی تجھکو کر بیان
ہم تری تقریر کے مشتاق ہین
تو نے فرمایا ہی مجھکو سرفراز
تو نے مجھکو اوس طرح پیدا کیا
روشنی بخش قمر ہون رات کو
لی عطا دنکو ضیا خورشید کی
جس سے ہی کیا کیا کرامت کا ظہور
معجزے شام و سحر دکھلائے ہین
عشق اوسکا دلنشین شیث ہے
مرتے مرتے دل مین حسرت رہ نجا
عہد و پیمان جس طرح تو نے لیا
بعد مرد ن مطمئن ہون شیث سے
عالم بالا سے تب آئی ندا
ہی مناسب عہد و پیمان لیجیے
کیجیے اپنا وصی تب شیث کو
حور و غلمان سب ملائک ہون گواہ
جائے لیکر ساتھ میکائیل کو
ہر طرف کو کوچ کا سامان ہوا
ہوگئی طیار سب فوج ملک
تھے جلو مین سب ملک ستر ہزار
نور کے سبھے لئے تھے ہاتھ مین

گویا تھے تلواروں کو تولے ہوئے
تھی جلو میں بیرقیں کھولے ہوئے

ہاتھ میں جبریل کے تھا اک قلم
اور حریر پر ضیا مہر رقم

خدمت آدم میں آئے سب گھڑی
بولے خالق کی عنایت ہے بڑی

منتظر جنت ہے اے عالی مقام
جانب اللہ سے پہونچی سلام

لیجئے کاغذ کو اے عالی ہمم
عہد نامہ لکھنے حاضر ہے قلم

ہو محق لطف الٰہی کے لئے
سب ملائک ہیں گواہی کے لئے

الغرض نامہ کیا تحریر جب
ثبت کی روح الامین نے مہر تب

پھر کہا اے شیث ذیشان لیجئے
پاس اپنے اسکو رہنے دیجئے

اس طرح معروض خدمت جب کیا
عہد نامہ شیث ذیشان نے لیا

ہو رقم جب واں پر آئے تھے ملک
سرخ دو جامے بھی لائے تھے ملک

عرض کی مہر خدا اذ نرات سے
روضۂ رضوان کی یہ سوغات ہے

جانتا ہے رب عزت آپکو
لیجئے بھیجا ہے خلعت آپکو

کہکے یہ پہنادیا سب شیث کو
پایا سب نے شاد و خوش تب شیث کو

سرخ اور گلنار سب پوشاک تھی
مطلع انوار سب پوشاک تھی

سارا جامہ قدرت غفار تھا
جب کہا طیار ہو طیار تھا

ذکر عقد شیث با محادا بیضا

تھا حسین شیث میں نور الاہ
جلوہ فرما اتنی شام و پگاہ

آئی جنت سے جو بیضا حور یہ
مہ جبین و نازنین ذی مرتبہ

حضرت جبریل سے کر کے صلاح
شیث نے اوس سے کیا اپنا نکاح

الغرض خلوت میں جب صحبت ہوئے
حاملہ تب صاحب عفت ہوئے

دل کے آئینے نے یون پائی جلا
نور رب پاک بیضا کو ملا

حکم رب سے دی منادی نے ندا
نور احمد تجھکو اے بیضا ملا

جب خدا کا فضل ہو گیا خوف و باک
ہو مبارک دولت اولاد پاک

جب اوس مہ جبین پیدا ہوا / دیکھکر اوس نور کو شیدا ہوا
جب خداے پاک نے بالغ کیا / عہد و پیمان شیث نے اوس سے لیا
حسب آئین نور پاک مصطفے / منتقل پھر صلب قینان مین ہوا
اوسنے مہلائیل سے پایا وہ نور / اوسنے پھر یارد کے پاس آیا وہ نور
اوسنے پھر اخنوخ با تقدیس نے / یعنے پایا حضرت ادریس نے
اوسے متوشلخ نے پایا نور رب / پایا پھر لامک نے باشان عجب
اوسنے پایا نوح نے نور خدا / اوسنے پایا سام نے با صد صفا
اور ارفخشد نے پایا سام سے / اوسنے پایا شالخ ذیجاہ نے
اوسنے عابر اوسنے فالغ کو ملا / پھر ہوا وہ نور ارغو کو عطا
یا تھا عابر ہود پیغمبر کا نام / یا تھے ارغو ہو فرخندہ مقام
پھر ملا شاروغ اور ناخور کو / بعد ازان تارخ نے پایا نور کو
سو سے ابراہیم آیا جب وہ نور / صلب اسمعیل مین پایا ظہور
پایا اسمعیل سے قیذار نے / اور پایا حمل نے قیذار سے
اوسنے نابت کو کیا حق نے عطا / بعد ازان اوسنے سلامان کو ملا
پھر ہمیسع کو ملا با صد وقار / پھر اود نے پایا نور کردگار
اد کو پھر اوسنے بخشا اقتدار / صلب عدنان سے ہوا پھر آشکار
پھر معد کے صلب مین پایا قرار / پھر ہوا وہ زینت پشت نزار
وہان سے آیا جانب صلب مضر / پایا پھر الیاس نے با صد ہنر
ہین یہ وہ جنکو نسیم عالی ہمم / جنکو تھا حد سے سوا پاس حرم
سمجھے بیت اللہ کو جائے امان / سب سے پہلے بھیجی قربانی وہان
پشت سے سنتی تھے حضرت کی صدا / آتی تھی شاہ رسالت کی صدا
یاد رب پاک مین پایا کبھی / کلمہ لبیک فرمایا کبھی
تھا قریب مدرکہ گا ہے وہ نور / گہ خزیمہ پاس عز پایا ظہور
آیا گہ صلب کنانہ کی طرف / گہ نضر کے واسطے بخشا شرف

گاہ آیا مالک ذیشان کے پاس — گاہ عبد بندۂ یزدان کے پاس
گاہ فہر شاہ ہر غالب امتیاز — گہہ لوی اوس سے ہوئے تھے سرفراز
صلب کعب و صلب مرہ کی پسند — گہہ گیا سوئے کلاب ارجمند
آیا گہہ سوئے قصی قلب صاف — گاہ آیا جانب عبد المناف
نیک طینت عاشق اللہ تھے — سب قریشوں میں بہت ذیجاہ تھے
دین برحق سے ہمیشہ کام تھا — کہتے ہیں اُنکا مغیرہ نام تھا
کیون نکرتے اونکی عزت شیخ و شاب — حامل دین محمد تھے جناب
زید بھی تھا اُنکے والد کا جو نام — اور مجمع کہتے تھے سب خاص و عام
جو کہ کاہن اور منجم تھے تمام — دیکھکر اونکو یہہ کرتے تھے کلام
ایکدن یون فضل داور ہوئیگا — نسل سے انکی پیمبر ہوئیگا

بیان سطیح کاہن کہ از قبیلہ بنی ذیب بود

کاہنوں میں ایک کاہن تھا سطیح — مخبر احوال باطن تھا سطیح
اوسکے آگے اور سب تھے زیردست — اوسکا کہنا مانتے تھے بت پرست
اپنے فن میں تھا نہایت نامور — اوسنے بھی دی تھی پیمبر کی خبر
گرچہ انسان تھا یہ ہیئت تھی عجیب — قول راوی ہے کہ خلقت تھی عجیب
جب ہوا پیدا اسیل العرم مین — تذکرے رہتے تھے ہر ایک بزم مین
کام بستر سے اوسے تھا رات دن — کہتا ہے راوی نہایت تھا مسن
قرن گذرے تیس سے بھی جب سوا — تب ہوا ایک اجل سے سامنا
اس طرح پر صاحبان فہم و عقل — دلبر عباس سے کرتے ہیں نقل
راست گو نے سنا کب ہے غلط — گوشت سے پیدا ہوا تھا وہ فقط
حق میں نرمی کے سوا سختی نہ تھی — جز سر و گردن کہیں ہڈی نہ تھی
دیکھو شان خالق علام کو — تھی نہ کوئی رگ نہ پٹھا نام کو
ہر جگہ دستخوان تھا سر و گردن — پاؤں سے تا جبین گردن تھا نرم

یون لپیٹا اوسکے تن کو بار ہا — جس طرح کوئی لپیٹے بوریا
ہلنے پھرنیکی اوسے طاقت نہ تھی — جز زبان کے جسم کی حرکت نہ تھی
پوچھتے گر حال آیندہ بشر — قبل بارہ سال سے دیتا خبر
پاس اپنے گر اوسے بلواتے تھے — لوگ اوسکو اس طرح لیجاتے تھے
پہلے تو اوسکو لپیٹا بخیط سر — بعد اوسکے کیسکے باندہا اوس پر
یا بنایا چوب خرما سے پلنگ — لیچلے اوسکو لٹا کر بے درنگ
گر مہم در پیش پاتے تھے قریش — اوسکو مکے مین بلاتے تھے قریش
تا رہے باقی نہ کوئی شک و ریب — سب کرین دریافت اوس سے حال غیب
جب ہوئی وان شہرت عبد المناف — اور دیکھی شوکت عبد المناف
کوئی خوش تھا اور کسی کو تھا ہراس — آئے اہل مکہ اوس کاہن کے پاس
یکزبان ہوکر کہا از فرط شوق — کھینچ لایا ہے تمہارا اشتیاق
آئے ہین ہم سب زیارت کے لیے — حاضر خدمت ہین ہم خدمت کے لیے
فرد ہو لاریب خلق و عالم مین — شہرۂ آفاق ہو تم علم مین
تجھسے ہر غائب کا ملتا ہے پتا — کیا ہمارے عہد مین ہوگا بتا
منکشف راز نہان کیا ہوینگا — بعد ہم سبکے یہان کیا ہوئیگا
سن چکا اونسے سخن کو جب سطیح — اس طرح اُن سب سے بولا تب سطیح
گرچہ ہو قوم عرب مین ذی شرف — جہل مین مشہور ہو تم ہر طرف
فکر عقبیٰ کی نجز دنیا نہین — تمکو عقل و علم سے بہرہ نہین
بعد تم لوگونکے ہوگا اک گروہ — طالب علم و عمل با صد شکوہ
بتکدے تا بت نہ چھوڑیگا ضرور — سب بتون کو توڑ کے توڑیگا ضرور
جو سلاطین عجم گمراہ مین — بت پرست و دشمن اللہ مین
اوسکے باعث سے وہ سب ہونگے ہلاک — ملک ہر اک کا قریب ہوگا پاک
سب یہہ بولے کیون ابھی خاموش ہو — کس جماعت سے وہ ہوگا سچ کہو
بولا کاہن خانۂ حق کی قسم — ہوگا تم سب مین سے وہ عالی ہمم

سب موحد ہونگے اوسکی فوج مین
ہوتی بھی ہوگا نہ ہمراہ مین

خالق عالم کو واحد جانیگا
قول مشرک کو نہ اصلا مانیگا

طاعت شیطان سے رکھیگا احتراز
ساجد اللہ ہونگے سرفراز

ناصرون کو اپنے سمجھیگا عزیز
ہوگی اوس سے باطل و حق مین تمیز

اہل مکہ نے لکھا اسے ذی شعور
پائیگا کس نسل طاہر سے ظہور

شان رب سے کہدیا کاہن نے صاف
جو ہے نسل طیب عبد مناف

جب وطن پہونچا کہا مکہ کا شہر
پاک و طیب مولد یکتائے دہر

ہوگا سرور اوسکا جو نیکو شعار
خوف کیا اوسکو وہ ہوگا رستگار

بیان عقد عبد المناف با عاتکہ و ولادت ہاشم و چند فضائل الیشان

الغرض ای اہل دین با صد صلاح
عاتکہ سے جب ہوا اونکا نکاح

شاد و خوش تھے اقربا سب ہمدگر
فضل خالق سے ہوا آباد گھر

پائے جسد ہم بلبل و گل ایک جا
بارور نخل تمنا تب ہوا

[illegible] بطن طیب مین ہو نور
ہوگا اوسکا صلب ہاشم مین ظہور

نو مہینے خیر سے گذرے کہین
جلوہ گر ہو مہر سے مہ جبین

عاتکہ سے الغرض پیدا ہوئے
دیکھکر چھوٹے بڑے شیدا ہوئے

گود مان کی جسگھڑی آباد کی
دھوم تھی ہر سو مبارکباد کی

عورتین ہر وقت گھیرے رہتی تھین
دمبدم لیکر بلائین کہتی تھین

آئینہ تک اوسکے رخ سے ماند ہے
ماہ بلکہ چودھوین کا چاند ہے

جب ہوئے سن مین سوا اتنے بڑے
باعث فضل خدا اتنے بڑے

رخ پہ دو گیسو بصد تجمل سے تھے
مثل گیسو ہائے اسمٰعیل تھے

اوس سے ساطع تھا جو نور احمدی
کہتے تھے سب ہے یہ شان ایزدی

کس جگہ اذکا نہ وان مذکور تھا
تا فلک عکس رخ پرنور تھا

کرتے تھے جب جانب مسجد گذر
ہوتی تھی ہر ایک کی خیرہ نظر

یاد آجاتے تھے شعلے طور کے ۔ تا فلک جاتے تھے لکّے نور کے
سرد آہین دشمن رب بھرتے تھے ۔ اہل مکہ سب تعجب کرتے تھے
حاسدون کے دل حسد سے تھے بھرے ۔ کاہنون مین ہمہ گر تھے شور سے
سب بیان کرتے تھے اوصاف نبی ۔ علم و فضل و عدل انصاف نبی
کاہنون مین جو نہ در پر آتے تھے ۔ مضطرب ہو کر وہ باہر آتے تھے
جو قبائل تھے عرب کے جابجا ۔ آئے مکے مین بڑا مجمع ہوا
دھیان تھا کیا گھر مین خلوت کیجیے ۔ چلکے ہاشم کی زیارت کیجیے
بت رہ اسلام کے جویا ہوئے ۔ قدرت اللہ سے گویا ہوئے
تھا پسند انکو جو حضرت کا بیان ۔ کرتے تھے اونکی فضیلت کا بیان
کردہ گذرے جانب سنگ و کلوخ ۔ دی ندا اسرایک نے باصد رسوخ
مژدۂ اکرام و عزت ہو جیو ۔ تمکو اے ہاشم بشارت ہو جیو
ہر زیادہ دمبدم فضل الٰہ ۔ تیری ذریت سے ہین طالع رسا
ہوگا اوس سے اک پسر خیر البشر ۔ ہے اوسے کا نور تجھسے جلوہ گر
خاصۂ رب بہترین سروران ۔ ہے محمد خاصۂ پیغمبران
جانب ظلمت اگر جاتے تھے وہ ۔ روشنی چلون طرف پاتے تھے وہ
ایکدن عبد المناف خوش صفات ۔ کہتے تھے ہاشم سے ہنگام وفات
اے پسر ہم تمسے رخصت ہوتے ہین ۔ راہئے گلزار جنت ہوتے ہین
باپ کو ممنون احسان کیجیے ۔ اس طرح پر عہد و پیمان کیجیے
جو زنان مسلمہ ہون صالحہ ۔ عقد سے تیرے وہ پائین مرتبہ
جو رحم ہون پاک و طیب اے پسر ۔ اوسمین ہو نور الٰہی جلوہ گر
حکم اونکا گوش دل سے سن لیا ۔ باپ سے اقرار ہاشم نے کیا
آئے اکثر بادشاہون کے پیام ۔ اور تھے بعد پیغام [illegible] سلام
مال و زر بیجا بہت باصد صلاح ۔ تا کرین ہم اونکی دختر سے نکاح

کہتے ہیں سب ہاشم ذیشان غیور
آتے تھے ہر روز کعبے میں حضور

باحضور قلب کرکے دلکو صاف
کرتے تھے وان سات دن دنکا طواف

تھے نہ غافل رتبہائے کعبہ سے
